کشف المحجوب للهجویریؒ پر تحقیق مجلہ الحق را کما فی السابق دریافت می دارم و از ین کہ این مجلہ را برائے این حقیر ارسال می فرمائید بسیار سپاسگذارم۔ نقش آغاز همواره جاذب و جالب نگاه است بہ ہمین ترتیب مقالات علمی و تحقیقی در علوم اسلامی دیگر اساتذہ عالی مقام این روزها کہ من ریٹائرڈ (متقاعد) شده ام مشغول جستجو و تحقیق روی کشف المحجوب حضرت ابوالحسن علی بن عثمان بن ابی علی الجلابی الهجویری الغزنوی (المتوفی میان سالهائے ۴۷۵ - ۵۰۰ ھ) می باشم از خدائے بزرگ درخواست دارم کہ مراچراغ توفیق فرا اهم دارد تا آن را بہ پایان برم۔

(محمد حسین تسبیحی، طهران - ایران)

فوجی چھاؤنی اور قادیانی ہماری رسالپور چھاؤنی میں قادیانیوں نے اپنے باطل مذہب کی اشاعت زور شور سے شروع کی ہے۔ چند فوجی افسر (فلاں فلاں کے نام) قادیانیت کے پرچار میں سرگرم ہیں جبکہ انکی ڈیوٹی ملک اور قوم کا دفاع ہے۔ یہ لوگ ایک مسجد اور مرکز قائم کرنے میں کوشاں ہیں۔ سنٹر کی نے اس مرکز کو بنانے کی درخواست کو کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر رسالپور کے پاس بھیج دیا ہے۔ انہوں نے پشاور (ایم۔ای۔او) کے پاس بھیج دیا ہے جبکہ مسلمانوں میں بے چینی ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ قادیانیت کی تبلیغ پر پابندی لگائی جائے اور قادیانی مرکز کی ہرگز اجازت نہ دی جائے اور متعلقہ قادیانی افسروں کو سختی سے ایسے کاموں سے روکا جائے۔

(اہالیان رسالپور چھاؤنی صدر بازار)

کمپیوٹر اور اوقات نماز الحق میں مضمون "کمپیوٹر اور اوقات نماز" میں پروفیسر عبداللطیف صبح صادق ۱۸ درجہ زیر افق کے مطابق داخل بتاتے ہیں جو سراسر غلط ہے۔ کیونکہ اسلامی کتابیں ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح کاذب اور ۱۵ درجہ زیر افق پر صبح صادق بتاتی ہیں۔ اس لئے اس سلسلہ میں مفتی رشید احمد صاحب حق پر ہیں کیونکہ ان کے صبح صادق کے اوقات ۱۵ درجہ زیر افق کے ہیں جو اسلامی کتابوں کے عین مطابق ہیں (احسن الفتاوٰی جلد دوئم صفحہ ۱۶۶، ۱۶۷ مرتبہ مفتی رشید احمد صاحب) میں فاضل مضمون نگار سید شبیر احمد۔ کاکا خیل۔ ۱۶ ڈی ہنسک کالونی۔ نیلور۔ راولپنڈی سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا اس کے پاس ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح صادق کے کوئی اسلامی کتابوں کے ثبوت ہیں۔ اگر ہوں تو ہمیں بتائیں مگر ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح صادق کا کوئی ضعیف سے ضعیف قول بھی نہیں ملتا۔ (احسن الفتاوٰی جلد دوئم صفحہ ۱۹۲۔ مرتبہ مفتی رشید احمد صاحب)

حاجی محمد اسحاق۔ مکان نمبر ۸/۴/۳
محلہ میاں بادشاہ۔ کوہاٹ شہر